پسی ہوئی لال مرچ	2 چائے کے چمچے
تازہ کریم	½ پیالی
ہری مرچیں، ہرا دھنیا (باریک کٹا ہوا)	½ پیالی
نمک	ایک چائے کا چمچ
تیل	½ پیالی
ہرا دھنیا، دہی، ادرک (باریک کٹی ہوئی)	سجانے کے لئے

ترکیب:

دیگچی میں تیل گرم کریں اور گوبھی سنہری تل کر نکال لیں ۔ اسی دیگچی میں ادرک، لہسن، زیرہ، ہلدی، لال مرچ، تیج پتے، پیاز اور نمک شامل کرکے تیز آنچ پر پکائیں، پھر گوبھی ڈال کر تیز آنچ پر بھونیں، پھر دہی، ٹماٹر، ہری مرچیں، ہرا دھنیا، بادام اور کریم ملا کر دَم پر رکھ دیں۔ مزیدار گوبھی ہرے دھنیے، دہی اور ادرک سے سجا کر پیش کریں۔

Carrot Qalaqand

Ingredients:

Carrots (grated)	½ kg
Whole dried milk	½ kg
Sugar	1 cup
Screwpine	1 tsp
Cardamom powder	½ tsp
Silver sterling leaves, Almonds, Pistachios (finely cut)	for garnishing

Method:

- Cook carrots in a pot till dry; add sugar and cook on high flame till sugar dries.
- Remove from flame; add cardamoms, whole dried milk and screwpine; mix.
- Brush oil on a dish and spread qalaqand on it; smooth with a spoon.
- garnish with almonds, pistachios and sterling leaves.
- Cut into small pieces; serve.

گاجر کی قلاقند

اجزاء:

گاجر (کدوکش کی ہوئی)	½ کلو
کھویا	½ کلو
چینی	ایک پیالی
کیوڑا	ایک چائے کا چمچا
پسی ہوئی الائچی	½ چائے کا چمچہ
چاندی کے ورق، بادام، پستے (باریک کٹے ہوئے)	سجانے کے لئے

ترکیب:

دیگچی میں گاجروں کو اس کا اپنا پانی خشک ہونے تک پکائیں، پھر چینی ڈال کر تیز آنچ پر چینی کا پانی خشک کریں۔ چولہا بند کر کے الائچی، کھویا اور کیوڑا ملا لیں۔ ڈش کو چکنا کر کے قلاقند اس پر پھیلائیں اور چمچے کی مدد سے ہموار کر دیں۔ مزیدار قلاقند بادام، پستے اور چاندی کے ورق سے سجا دیں۔ پیش کرنے سے قبل اس کے چوکور ٹکڑے کاٹ لیں۔

Shish Taouk

Ingredients:

Chicken breasts	1 kg
Capsicum (cubed)	1
Lemon juice	2 tbsp
White pepper powder	1 pinch
Mustard sauce	1 tbsp
Tomato paste	1 tbsp
Garlic paste	1 tbsp
Tabasco sauce	to taste
Oregano	1 pinch
Salt	1 pinch
Oil	1 tbsp
Lettuce leaves, Tomato (halved), Onion (halved)	for decoration

Method:

- Cut chicken breasts into cubes.
- Mix all ingredients in a bowl; refrigerate for 2 hours.
- Pierce 1 piece of chicken, 1 piece of capsicum and another piece of chicken onto a wooden skewer; repeat process to make more skewers.
- Heat a grill pan and brush oil on it; grill skewers from all sides.
- Sauté tomato and onion on grill pan.
- Decorate a serving dish with lettuce, tomato and onion; place skewers on top; serve.

شیش تاووک

اجزاء:

مرغی کے سینے	ایک کلو
شملہ مرچ (چوکور کٹی ہوئی)	ایک عدد
لیموں کا رس	2 کھانے کے چمچے
پسی ہوئی سفید مرچ	ایک چٹکی
مسٹرڈ ساس	ایک کھانے کا چمچہ
ٹماٹو پیسٹ	ایک کھانے کا چمچہ
پسا ہوا لہسن	ایک کھانے کا چمچہ
ٹباسکو ساس	حسب ذائقہ
اوریگانو	ایک چٹکی
نمک	ایک چٹکی
تیل	ایک کھانے کا چمچہ
سلاد پتے' ٹماٹر' پیاز (درمیان سے کٹے ہوئے)	سجانے کے لئے

ترکیب:

مرغی کے سینوں کے چوکور ٹکڑے کاٹ لیں۔ ایک پیالے میں تمام اجزاء ملا کر 2 گھنٹوں کے لئے فرج میں رکھ دیں۔ لکڑی کی سیخوں پر ایک مرغی کا ٹکڑا' ایک شملہ مرچ' ایک مرغی کا ٹکڑا لگا کر اس عمل کو دہرا دیں۔ گرل پین کو گرم کر کے چکنا کر لیں۔ اس پر الٹ پلٹ کرتے ہوئے سیخیں پکا لیں۔ ٹماٹر اور پیاز کو گرل پین پر ہلکا سا تل لیں۔ ڈش کو سلاد پتے' پیاز اور ٹماٹر سے سجائیں' اس پر سیخیں رکھ کر پیش کریں۔

Sweet and Sour Chicken Dumplings

Ingredients:

.Chicken mince	300 grams
Spring onions (chopped)	4
Garlic (chopped)	2 tsp
Celery (chopped)	2 tsp
Fresh red chillies (chopped)	1 tsp
Red chilli sauce	1 tsp
Tomato ketchup	2 tsp
Sugar	2 tsp
White vinegar	1 tsp
Cornflour (made into paste with water)	2 tsp
Water	¼ cup
Salt	to taste
Oil	for frying + 2 tbsp

Method:

- Squeeze water thoroughly from mince.
- Add ½ garlic, ½ celery, ½ spring onions and salt.
- Shape into dumplings.
- Heat oil in a frying pan; fry dumplings golden; remove.
- Heat oil in a wok; fry remaining garlic golden.
- Add red chillies, remaining celery, red chilli sauce, tomato ketchup, sugar, vinegar, water and salt; cook for a few minutes.
- Add dumplings; bring to boil; add cornflour paste and cook till thick.
- Add remaining spring onions; dish out.

مرغی کے کھٹے میٹھے پکوڑے

اجزاء:

مرغی کا قیمہ	300 گرام
ہری پیاز (چوپ کی ہوئی)	4 عدد
لہسن (چوپ کیے ہوئے)	2 چائے کے چمچے
سیلری (چوپ کی ہوئی)	2 چائے کے چمچے
تازہ لال مرچیں (چوپ کی ہوئی)	ایک چائے کا چمچہ
ریڈ چلی ساس	ایک چائے کا چمچہ
ٹماٹو کیچپ	2 چائے کے چمچے
چینی	2 چائے کے چمچے
سفید سرکہ	ایک چائے کا چمچہ
کارن فلور (پانی میں گھلا ہوا)	2 چائے کے چمچے
پانی	¼ پیالی
نمک	حسب ذائقہ
تیل	تلنے کے لئے +2 کھانے کے چمچے

ترکیب:

مرغی کے قیمے کا پانی نچوڑ دیں۔ اس میں ½ لہسن' ½ سیلری' ½ ہری پیاز اور نمک ملالیں۔ اس آمیزے کے پکوڑے بنالیں۔ فرائنگ پین میں تیل گرم کریں اور انہیں سنہری تل کر نکال لیں۔ کڑاہی میں تیل گرم کر کے باقی لہسن سنہری کریں۔ اس میں لال مرچیں' باقی سیلری' ریڈ چلی ساس' ٹماٹو کیچپ' چینی' سرکہ' پانی اور نمک ملا کر چند منٹ تک پکائیں۔ اس میں پکوڑے اور ہری پیاز شامل کر کے ابال آنے تک پکائیں' پھر کارن فلور ڈال کر گاڑھا کریں۔ اس میں باقی ہری پیاز ملا کر ڈش میں نکال لیں۔

Herbed Muffins

Ingredients:

Whole-wheat flour (sieved)	250 grams
Refined flour (sieved)	75 groms
Eggs	2
Buttermilk	1 cup
Boking powder	2 tsp
Boking sodo	½ tsp
Spring onion (finely cut)	3 tbsp
Rosemory (finely cut)	1 tbsp
Honey	2 tbsp
Cheddor cheese (grated)	1 ¼ cups + ¼ cup
Solt	½ tsp
Olive oil	½ tsp

Method:

- Set muffin cases in a muffin tray.
- Mix both flours, boking powder, boking sodo, spring onion, rasemary, 1 ¼ cups cheese and solt in a bowl.
- Beot eggs in a separate bowl; add buttermilk, honey ond olive oil; odd to flaur mix; mix well.
- Fill into muffin cases; sprinkle cheese on top.
- Bake in a pre-heoted oven ot 180° C for 15 minutes; remove.

ہربڈ مفنز

اجزاء:

آٹا (چھنا ہوا)	250 گرام
میدہ (چھنا ہوا)	75 گرام
انڈے	2 عدد
لسی	ایک پیالی
بیکنگ پاؤڈر	2 چائے کے چمچے
بیکنگ سوڈا	½ چائے کا چمچہ
ہری پیاز (باریک کٹی ہوئی)	3 کھانے کے چمچے
روز میری (باریک کٹی ہوئی)	ایک کھانے کا چمچہ
شہد	2 کھانے کے چمچے
چیڈر پنیر (کدوکش)	1¼ پیالی + ¼ پیالی
نمک	½ چائے کا چمچہ
زیتون کا تیل	½ پیالی

ترکیب:

مفنز کی ٹرے میں کاغذ کی پیالیاں سیٹ کرلیں۔ ایک پیالے میں آٹا' میدہ' بیکنگ پاؤڈر' بیکنگ سوڈا' ہری پیاز' روز میری' 1¼ پیالی پنیر اور نمک ملالیں۔ ایک پیالے میں انڈے پھینٹ کر اس میں لسی' شہد اور زیتون کا تیل ملا کر میدے میں ڈال کر یکجان کرلیں۔ اس آمیزے کو مفن کی پیالیوں میں ڈالیں اور پنیر چھڑک دیں۔ ٹرے کو پہلے سے گرم اوون میں 180°C پر 15 منٹ پکا کر نکال لیں۔

Food Diaries

Coconut Balls

Ingredients:

Desiccated coconut	250 grams
Condensed milk	½ cup
Saffron (soaked)	1 pinch
Milk (fresh)	2 tbsp
Sterling silver leaves	for garnishing

Method:

- Mix all ingredients in a bowl.
- Shape into balls; garnish with sterling silver leaves.

ناریل کے لڈو

اجزاء:

پسا ہوا ناریل	250 گرام
کنڈینسڈ ملک	½ پیالی
زاعفران (بھیگا ہوا)	ایک چٹکی
تازہ دودھ	2 کھانے کے چمچے
چاندی کا ورق	سجانے کے لئے

ترکیب:

ایک پیالے میں تمام اجزاء ملائیں۔ اس آمیزے کے لڈو بنائیں اور چاندی کے ورق سے سجادیں۔

Food Diaries

Bounty Ice-cream Tart

Ingredients:

Macaroons (crumbled)	1 ½ cups + for decoration
Vanilla ice-cream	1 litre
Coconut ice-cream	1 litre
Almonds (roasted and finely cut)	¼ cup
Coconut chocolate bars	1 cup + for garnishing
Butter (melted)	¼ cup
Coconut (grated), Almonds (whole)	for garnishing

Fudge Sauce Ingredients:

Fresh cream	1 cup
Brown sugar	½ cup
Golden syrup	2 tbsp
Dark chocolate (grated)	200 grams
Vanilla essence	1 ½ tsp
Butter	1 tbsp

Method:

- Line a bread mould with cling film.
- Mix macaroons with butter and press into mould with a spoon; set in deep freezer for ½ hour.
- Cook all sauce ingredients except essence in a saucepan till thick; add essence and remove from flame; allow to cool in a refrigerator; divide sauce into 3 portions.
- Layer macaroons with 1 portion of fudge sauce, almonds, chocolates and vanilla ice-cream; freeze for ½ hour.
- Add another portion of fudge sauce and a layer of coconut ice-cream; re-freeze for ½ hour.
- Invert mould over dish; remove cling film from tart.
- Decorate dish with macaroons; garnish tart with remaining fudge sauce, almonds, coconut and chocolates; freeze till ready to serve.

باونٹی آئس کریم ٹارٹ

اجزاء:

میکرونز (چورہ کئے ہوئے)	1½ پیالی+ سجانے کے لئے
ونیلا آئس کریم	ایک لیٹر
کوکونٹ آئس کریم	ایک لیٹر
بادام (بھنے اور باریک کٹے ہوئے)	¼ پیالی
ناریل کی چاکلیٹ بارز	ایک پیالی+ سجانے کے لئے
مکھن (پگھلا ہوا)	¼ پیالی
ناریل (کدوکش) بادام (ثابت)	سجانے کے لئے

فج ساس کے اجزاء:

تازہ کریم	ایک پیالی
براؤن چینی	½ پیالی
گولڈن سیرپ	2 کھانے کے چمچے
ڈارک چاکلیٹ (کدوکش)	200 گرام
ونیلا ایسنس	1½ چائے کے چمچے
مکھن	ایک کھانے کا چمچہ

ترکیب:

ڈبل روٹی کے سانچے میں پلاسٹک بچھا دیں۔ میکرونز میں مکھن ملا کر سانچے میں چمچے سے دبا کر سیٹ کریں اور ½ گھنٹے کے لئے ڈیپ فریزر میں رکھ دیں۔ ساس پین میں علاوہ ایسنس' ساس کے اجزاء گاڑھا ہونے تک پکائیں' پھر ایسنس ملا کر چولہا بند کر دیں' اسے فرج میں رکھ کر ٹھنڈا کریں۔ ساس کو 3 حصوں میں تقسیم کر لیں۔ سانچے میں میکرونز پر فج ساس کا ایک حصہ' بادام' چاکلیٹس' ونیلا آئس کریم کی تہہ لگا کر ½ گھنٹے کے لئے ڈیپ فریزر میں رکھ دیں۔ اسے نکال کر فج ساس کا دوسرا حصہ اور کوکونٹ آئس کریم کی تہہ لگا کر مزید ½ گھنٹے کے لئے ڈیپ فریزر میں رکھ دیں۔ اسے نکالیں اور الٹ کر ڈش میں نکالیں' اس کی پلاسٹک ہٹا دیں' پھر ڈش کو میکرونز کے چورے سے سجا دیں۔ ٹارٹ کو فج ساس' بادام' ناریل اور چاکلیٹ بارز سے سجا کر پیش کرنے تک ڈیپ فریزر میں رکھ دیں۔

Chef at HOME

Chickpeas Salad

Ingredients:

Chickpeas (boiled)	1 cup
Kidney beans (boiled)	1 cup
Capsicums (cubed)	1 cup
Pineapple (cubed)	1 cup
Tamatoes (cubed)	1 cup
Curry leaves	10
Red chillies (crushed)	1 tbsp
Lemon juice	1 tbsp
Oil	2 tbsp.

Method:

- Heat oil in a frying pan; fry red chillies and curry leaves; remove from flame.
- Mix all ingredients in a bowl; serve.

چنے کا سلاد

اجزاء:

کابلی چنے (اُبلے ہوئے)	ایک پیالی
لوبیا (اُبلے ہوئے)	ایک پیالی
شملہ مرچ (چوکور کٹی ہوئی)	ایک پیالی
اناناس (چوکور کٹے ہوئے)	ایک پیالی
ٹماٹر (چوکور کٹے ہوئے)	ایک پیالی
کڑھی پتے	10 عدد
کٹی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچہ
لیموں کا رس	ایک کھانے کا چمچہ
تیل	2 کھانے کے چمچے

ترکیب:

فرائنگ پین میں تیل گرم کرکے لال مرچ اور کڑھی پتے تل لیں۔ ایک پیالے میں تمام اجزاء ملائیں اور پیش کریں۔

Chef AT HOME

Nargisi Meatballs

Ingredients:

Beef mince	½ kg
Egg	1
Eggs (boiled)	6
Onians (raw paste)	1 cup
Black cumin seeds	1 tsp
Hot spices powder	1 tsp
Ginger/garlic poste	1 tbsp
Red chilli powder	1 tbsp
Leman juice	1 tbsp
Almands (graund)	2 tbsp
Yogurt (whipped)	1 cup
Water	1 cup
Solt	to toste
Pure clarified butter	1 cup + 2 tbsp
Fresh cariander, Onian	for garnishing
Ginger, Almonds (finely cut)	for garnishing

Method:

- Grind mince, egg and solt in o chopper.Cut boiled eggs into halves horizontolly.
- Place same mince an yaur palm; place halved egg on mince ond wrap mince oraund it.
- Repeat process ta make mare meatbolls; keep aside.
- Heat clarified butter in a pat; fry anions galden; add cumin, ginger/gorlic, almands ond yogurt; fry.
- Add hot spices and red chillies; cook far 10 minutes; add water and bring to bail.
- Add lemon juice and salt; add meatbalts and cook on law flame with lid on.
- Dish aut when clarified butter separates.
- Heot 2 tbsps.clarified butter in a frying pan; sauté cariander, onian, ginger and almands; sprinkle on meatbolls; serve.

نرگسی کوفتے

اجزاء:

گائے کا قیمہ	½ کلو
انڈہ	ایک عدد
انڈے (اُبلے ہوئے)	6 عدد
پیاز (پسی ہوئی)	ایک پیالی
ثابت کالا زیرہ	
پسا ہوا گرم مصالحہ	ایک ایک چائے کا چمچہ
پسا ہوا لہسن ادرک	ایک کھانے کا چمچہ
پسی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچہ
لیموں کا رس	ایک کھانے کا چمچہ
بادام (پسے ہوئے)	2 کھانے کے چمچے
دہی (پھینٹی ہوئی)	ایک پیالی
پانی	ایک پیالی
نمک	حسب ذائقہ
دیسی گھی	ایک پیالی + 2 کھانے کے چمچے
ہرا دھنیا،	سجانے کے لئے
ادرک، بادام (باریک کٹے ہوئے)	سجانے کے لئے

ترکیب:

چوپر میں قیمہ، انڈہ اور نمک یکجان کرلیں۔ اُبلے ہوئے انڈوں کو درمیان سے کاٹ لیں۔ قیمے کا تھوڑا سا آمیزہ ہتھیلی پر رکھ کر درمیان میں انڈہ رکھیں اور اسے لپیٹ لیں۔ اس عمل کو دہراتے ہوئے سارے انڈوں کے کوفتے بنالیں۔ دیگچی میں گھی گرم کرکے پیاز سنہری کریں، پھر کالا زیرہ، لہسن ادرک، بادام اور دہی ڈال کر بھونیں۔ اس میں گرم مصالحہ اور لال مرچ ملا کر 10 منٹ تک پکائیں، پھر پانی ملا کر ابال آنے تک پکائیں۔ اس میں لیموں کا رس اور نمک ملالیں، پھر کوفتے ڈالیں اور ڈھکن ڈھک کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔ گھی اوپر آجائے تو ڈش میں نکالیں، فرائنگ پین میں 2 کھانے کے چمچے گھی گرم کریں، پھر ہرا دھنیا، پیاز، ادرک اور بادام ہلکے سے تلیں اور کوفتوں پر ڈال کر پیش کریں۔

Chef AT HOME

Orange Custard Trifle

Ingredients:

Milk (fresh)	½ cup
Keenus	2
Custard powder (made into paste with water)	4 tbsp
Sugar	1 cup
Keenu zest	1 tbsp
Fresh cream (whipped)	1 cup
Biscuit sticks	for decoration

Method:

- Peel keenus and extract juice.
- Mix milk and sugar in a pot; bring to boil.
- Add custard paste while continuously stirring; cook till thick; remove from flame.
- Add keenu juice and zest; dish out.
- Allow custard to cool; layer with fresh cream; decorate dish with biscuit sticks; serve.

اورنج کسٹرڈ ٹرائفل

اجزاء:

تازہ دودھ	½ پیالی
کینو	2 عدد
کسٹرڈ (پانی میں گھلا ہوا)	4 کھانے کے چمچ
چینی	ایک پیالی
کینو کے چھلکے	ایک کھانے کا چمچ
تازہ کریم (پھینٹی ہوئی)	ایک پیالی
بسکٹس اسٹکس	سجانے کے لئے

ترکیب:

کینو کو چھیل کر اس کا رس نکال لیں۔ دیگچی میں دودھ اور چینی ڈال کر اُبالیں۔ اس میں چمچہ چلاتے ہوئے کسٹرڈ شامل کریں اور گاڑھا ہونے پر چولہا بند کردیں۔ اس میں کینو کے چھلکے اور کینو کا رس ملا کر ڈش میں نکال لیں۔ کسٹرڈ ٹھنڈا ہو جائے تو اس پر کریم کی تہہ لگائیں اور بسکٹس سے سجادیں۔

Lemon-tons

Ingredients:

Eggs	3
Icing sugar	80 groms + 1 cup
Vanilla essence	2 tsp
Baking powder	2 tsp
Refined flour (sieved)	1½ cups
Milk (fresh)	1 cup
Cocoa powder	4 tbsp
Butter	50 groms + 80 grams
Desiccoted coconut	1 plote
Cherries	for gornishing

Method:

- To prepare icing, mix 80 grams sugar, cocoo powder, 50 groms butter ond milk in a double boiler; cook till thick while stirring continuously.
- Beat remaining butter, 1 cup sugor, eggs and essence in a bowl with an electric beater; odd flour and boking sodo; mix with o spoon; odd milk; beat.
- Pour batter into a square cake mould; boke in a pre-heated oven at 180°C for 35 minutes; remove.
- Allow to cool; coat with icing ond coconut; garnish with cherries; serve.

لیمن ٹنز

اجزاء:

انڈے	3 عدد
پسی ہوئی چینی	80 گرام + ایک پیالی
ونیلا ایسنس	2 چائے کے چمچے
بیکنگ پاؤڈر	2 چائے کے چمچے
میدہ (چھنا ہوا)	1½ پیالی
تازہ دودھ	ایک پیالی
کوکو پاؤڈر	4 کھانے کے چمچے
مکھن	50 گرام + 80 گرام
پسا ہوا ناریل	ایک پلیٹ
چیریز	سجانے کے لئے

ترکیب:

آئسنگ بنانے کے لئے ڈبل بوائلر میں 80 گرام چینی، کوکو پاؤڈر، 50 گرام مکھن اور دودھ ملا کر چمچ چلاتے ہوئے گاڑھا ہونے تک پکالیں۔ ایک پیالے میں 80 گرام مکھن، ایک پیالی چینی، انڈے اور ایسنس کو الیکٹرک بیٹر سے یکجان کرلیں، پھر میدہ اور بیکنگ پاؤڈر ڈال کر چمچے سے ملائیں اور دودھ ڈال کر یکجان کرلیں۔ کیک کے چوکور سانچے میں اس آمیزے کو ڈالیں اور پہلے سے گرم اوون میں 180°C پر 35 منٹ پکا کر نکال لیں۔ تھوڑا ٹھنڈا ہو جائے تو اسے آئسنگ اور ناریل میں لپیٹ لیں۔ مزیدار لیمن ٹنز چیریز سے سجادیں۔

Matka Gosht

Ingredients:

Mutton	½ kg
Onions (fried and crumbled)	2
Lemon juice	4 tsp
Tomatoes (chopped)	6
Fresh coriander (chopped)	1 bunch
Green chillies (finely cut)	6
Hot spices powder	1 tsp
Turmeric powder	1 tsp
Black pepper (crushed)	1 tsp
Red chillies (crushed)	1 tbsp
Ginger/garlic paste	1 tbsp
Red chilli powder	½ tbsp
Cumin seeds (roasted and powdered)	½ tbsp
Ginger (finely cut)	2 tbsp
Salt	to taste
Clarified butter	2 tbsp
Oil	1 cup
Fresh coriander/ginger (finely cut)	for sprinkling

Method:

- Cook mutton, onions, ginger/garlic, turmeric and salt in a pot till mutton is tender and dry.
- Add tomatoes, both red chillies and hot spices; cook on low flame till tomatoes dry up.
- Add oil, pepper and cumin; fry; add ginger, lemon juice, coriander, green chillies and clarified butter; keep on dum.
- Sprinkle coriander and ginger on top; serve.

مٹکا گوشت

اجزاء:

بکرے کا گوشت	½ کلو
پیاز (تلی اور چُورا کی ہوئی)	2 عدد
لیموں کا رس	4 چائے کے چمچے
ٹماٹر (چوپ کیے ہوئے)	6 عدد
ہرا دھنیا (چوپ کیا ہوا)	ایک گڈی
ہری مرچیں (باریک کٹی ہوئی)	6 عدد
پسا ہوا گرم مصالحہ	ایک چائے کا چمچہ
پسی ہوئی ہلدی	ایک چائے کا چمچہ
کُٹی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچہ
کُٹی ہوئی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچہ
پسا ہوا لہسن ادرک	ایک کھانے کا چمچہ
پسی ہوئی لال مرچ	½ کھانے کا چمچہ
بُھنا اور پسا ہوا سفید زیرہ	½ کھانے کا چمچہ
ادرک (باریک کٹی ہوئی)	2 کھانے کے چمچے
نمک	حسب ذائقہ
گھی	2 کھانے کے چمچے
تیل	ایک پیالی
ہرا دھنیا، ادرک (باریک کٹا ہوا)	چھڑکنے کے لئے

ترکیب:

دیگچی میں گوشت، پیاز، لہسن ادرک، ہلدی اور نمک ڈال کر گوشت گلنے اور پانی خشک ہونے تک پکائیں۔ اس میں ٹماٹر، کُٹی اور پسی ہوئی لال مرچ اور گرم مصالحہ ڈال کر ہلکی آنچ پر ٹماٹر کا پانی خشک ہونے تک پکائیں۔ اس میں تیل، کالی مرچ اور زیرہ ڈال کر بھونیں، پھر ادرک، لیموں کا رس، ہرا دھنیا، ہری مرچیں اور گھی ڈال کر دَم پر رکھ دیں۔ مزیدار مٹکا گوشت ہرا دھنیا اور ادرک چھڑک کر پیش کریں۔

Sweet and Sour Mushroom Soup

Ingredients:

Mushrooms (chopped)	1 cup
Chicken pieces (boneless)	200 grams
Carrot (chopped)	½ cup
Capsicum (chopped)	½ cup
Egg	1
Green chillies (finely cut)	2
Chicken stock	6 cups
Tomato ketchup	½ cup
Sugar	1 tsp
Black pepper (crushed)	½ tsp
White vinegar	2 tbsp
Soya sauce	2 tbsp
Cornflour (made into paste with water)	2 tbsp
Chinese salt	¼ tsp
Salt	to taste
Tomato ketchup, fresh coriander	for garnishing

Method:

- Boil chicken in a pot; shred.
- In a separate pot; bring to boil chicken, stock, mushrooms, capsicum and carrot.
- Add tomato ketchup, cornflour, egg and salt.
- Remove from flame; add remaining ingredients.
- Garnish with tomato ketchup and coriander; serve.

کھمبی کا کھٹا میٹھا سوپ

اجزاء:

کھمبیاں (چوپ کی ہوئی)	ایک پیالی
مرغی کی بوٹیاں (بغیر ہڈی)	200 گرام
گاجر (چوپ کی ہوئی)	½ پیالی
شملہ مرچ (چوپ کی ہوئی)	½ پیالی
انڈہ	ایک عدد
ہری مرچیں (باریک کٹی ہوئی)	2 عدد
مرغی کی یخنی	6 پیالی
ٹماٹو کیچپ	½ پیالی
چینی	ایک چائے کا چمچہ
کٹی ہوئی کالی مرچ	½ چائے کا چمچہ
سفید سرکہ	2 کھانے کے چمچے
سویا ساس	2 کھانے کے چمچے
کارن فلور (پانی میں گھلا ہوا)	2 کھانے کے چمچے
چائینز نمک	¼ چائے کا چمچہ
نمک	حسب ذائقہ
ٹماٹو کیچپ، ہرا دھنیا	سجانے کے لئے

ترکیب:

دیگچی میں مرغی کی بوٹیوں کو ابال کر ریشہ کر لیں۔ ایک علیحدہ دیگچی میں مرغی، یخنی، کھمبی، شملہ مرچ اور گاجر ڈال کر ابال آنے تک پکائیں۔ اس میں ٹماٹو کیچپ، کارن فلور، انڈہ اور نمک شامل کریں۔ چولہا بند کر کے اس میں باقی اجزاء ڈالیں۔ مزیدار سوپ ٹماٹو کیچپ اور ہرے دھنیے سے سجا کر پیش کریں۔

Coconut Mithai

Ingredients:

Desiccoted coconut	1 ½ cups
Sugor	1 ½ cups + 1 tsp
Milk (fresh)	1 cup
Dried milk	2 cups
Green cordomoms	6
Pistochios (finely cut)	20
Almonds (finely cut)	20
Orange food colour	1 pinch
Screwpine	few drops

Method:

- Grind cordomoms with 1 tsp sugar.
- Mix oll ingredients in o bowl except olmonds and pistachios.
- Brush oil on o Pyrex dish; spread coconut botter on it.
- Sprinkle almonds and pistochios on top; set aside.
- When set, cut into pieces.

ناریل کی مٹھائی

اجزاء:

پسا ہوا ناریل	1½ پیالی
چینی	1½ پیالی +ایک چائے کا چمچہ
تازہ دودھ	ایک پیالی
سوکھا ہوا دودھ	2 پیالی
چھوٹی الائچیاں	6 عدد
پستے (باریک کٹے ہوئے)	20 عدد
بادام (باریک کٹے ہوئے)	20 عدد
زردے کا رنگ	ایک چٹکی
کیوڑہ	چند قطرے

ترکیب:

الائچیوں کو ایک چائے کا چمچہ چینی کے ہمراہ پیس لیں۔ ایک پیالے میں علاوہ بادام اور پستے باقی تمام اجزاء ملا لیں۔ پائریکس کی ڈش کو چکنا کریں اور اس پر ناریل کا آمیزہ پھیلا دیں۔ اس کے اوپر بادام اور پستے چھڑک کر رکھ دیں۔ جم جائے تو اس کے ٹکڑے کاٹ لیں۔

شہر شہر کی خبریں

ملک بھر میں ہونے والی نمایاں تقریبات کی خبروں اور تصاویر پر مبنی سلسلہ

کراچی میں جاپانی گڑیوں کی نمائش

کراچی میں قائم جاپان کے معلوماتی و ثقافتی مرکز میں گزشتہ دنوں "جاپانی گڑیاں' دعا اور اظہار محبت کا دلکش روپ" کے عنوان سے جاپانی گڑیوں کی 5 روزہ نمائش کا اہتمام کیا گیا۔ نمائش کا اہتمام کراچی میں قائم قونصل خانہ جاپان اور پاکستان جاپان کلچرل ایسوسی ایشن سندھ کے تعاون سے کیا گیا' جس میں مختلف اقسام کی 80 سے زائد گڑیاں رکھی گئیں جن میں جاپان کے ثقافتی رنگ کو دکھانے کے ساتھ ساتھ جاپانیوں کے آرائشی ہنر کو اجاگر کیا گیا۔ نمائش کا افتتاح جاپانی قونصل جنرل آ کیرا اوچی اور وزیر اعلیٰ سندھ کی مشیر شرمیلا فاروقی نے کیا۔ جاپان کی طرف سے گڑیوں کی اس نمائش میں مختلف اقسام کے منفرد ثقافتی امتزاج کو پیش کیا گیا جو اپنے آپ میں ہنرمندی کی اعلیٰ صلاحیتوں کا مظہر ہی نہیں بلکہ جاپان کے سجاوٹی ہنر کی اہم ترین مثال ہیں۔ مہمانوں کے کے لئے ظہرانے کا انتظام کیا گیا تھا۔

خواتین کے عالمی دن کے موقع پر نمائش کا اہتمام

فرانسیسی ثقافتی مرکز کراچی میں خواتین کے عالمی دن کے موقع پر نیو ورلڈ کانسپٹ اور گرینڈیور گیلری کے اشتراک سے 27 مختلف میڈیم کے فنکاروں کی ایک تصویری نمائش کا اہتمام کیا گیا۔ نمائش کا افتتاح فرانس کے قونصل جنرل فرانسا ڈیلا رسو نے کیا۔ اس موقع پر نیو ورلڈ کانسپٹ کی چیف ایگزیکٹو آفیسر یاسمین حیدر بڑی تعداد میں معروف صحافی اور معززین شہر شریک تھے۔ شرکاء کے لئے ہائی ٹی کا انتظام تھا۔

ایچ ایس وائی لان کی افتتاحی نمائش

حسن شہریار یاسین اور اتحاد ٹیکسٹائلز نے گزشتہ دنوں لاہور' کراچی اور فیصل آباد میں بیک وقت اپنی لان کی افتتاحی نمائش کا انعقاد کیا۔ کراچی میں منعقدہ تقریب میں ایچ ایس وائی موجود تھے۔ تقریب میں لوگوں کی بڑی تعداد شریک ہوئی جنہوں نے ایچ ایس وائی کی پیش کش کو بے حد سراہا۔ شرکاء کو لوازمات سمیت مشروبات پیش کئے گئے۔

اونٹر پرینیور آرگنائزیشن کی جانب سے تقریب کا اہتمام

اونٹر پرینیور آرگنائزیشن لاہور چیپٹرز کی جانب سے گزشتہ دنوں ''لاہور مجلس'' کے عنوان سے دوروزہ کانفرنس کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں چوہدری سرور' حنا ربانی کھر' میاں محمد منشاء سمیت دنیا بھر سے آئے ہوئے کاروباری شخصیات جو اونٹر پرینیور آرگنائزیشن کے ممبران بھی ہیں اور عمائدین شہر شریک ہوئے۔ اس تقریب کے دونوں دنوں میں شاندار عشائیوں کا اہتمام کیا گیا' جس میں شرکاء کو پہلے روز یوسف صلاح الدین کی حویلی پر محفل موسیقی کے ہمراہ جب کہ دوسرے دن حضوری باغ لاہور میں پاکستان کے روایتی کھانوں سے لطف اندوز ہونے کا موقع فراہم کیا گیا۔

نیا ناظم آباد میں مصالحہ فیملی فیسٹول کا انعقاد

مصالحہ کی جانب سے نیا ناظم آباد میں مصالحہ فیملی فیسٹول کا انعقاد عمل میں آیا۔ شہریوں کی بڑی تعداد نے پرجوش انداز میں فیملی فیسٹول میں شرکت کی۔ اس موقع پر مصالحہ کے شفیس ردا آفتاب' زبیدہ طارق اور گلزار نے براہ راست کوکنگ کا مظاہرہ کیا' جب کہ کرن خان دلچسپ انداز میں میزبانی کے فرائض انجام دیتی رہیں۔ فیسٹول میں آنے والوں کو اپنے پسندیدہ شیفس سے ملاقات کا موقع ملا۔ یہاں آنے والوں کو فوڈ کورٹ میں مزے دار کھانے پینے کے اسٹال' بچوں کے لئے جھولے اور جمپنگ کیسل سمیت دیگر چیزوں سے لطف اندوز ہونے کا موقع فراہم کیا گیا۔ فیسٹول کے اختتام پر سجاد علی سمیت دیگر فنکاروں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔

انڈے صحت کے لئے انتہائی مفید

انڈے میں پائی جانے والی توانائی ہر موسم میں انسانی جسم کی ضرورت پورا کرنے کے لئے کافی ہوتی ہے

انڈوں کو ہمیشہ سے ہی صحت کے لئے مفید قرار دیا جاتا رہا ہے اب نئی طبی تحقیق بھی یہی کہہ رہی ہے کہ انڈے دودھ کے بعد دل اور دماغ کے لئے سب سے عمدہ متوازن اور طاقت ور غذا ہیں۔ ایک نیم برشت (ہاف بوائل) انڈے کی زردی میں گوشت کے برابر غذائیت اور خون پیدا کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔

قدرے چکنائی کے علاوہ انڈے میں چونا کیلشیم فولاد فولیٹ حیاتین بی 12 فاسفورس لائبو فلاوین اور گندھک کے علاوہ حیاتین اے اور ڈی وافر مقدار میں ملتے ہیں۔ انڈوں میں اور متعدد قسم کے امینو ایسڈز ہوتے ہیں جو جسم کی نشوونما میں مدد کرتے ہیں۔ انڈے میں پائی جانے والی توانائی ہر موسم میں انسانی جسم کی ضرورت پورا کرنے کے لئے کافی ہوتی ہے۔ ایک انڈے میں اوسطاً 85 حرارے فی 100 گرام ہوتے ہیں۔ ایک بڑے انڈے میں جمنے والی چکنائی صرف 2 فیصد ہوتی ہے جو صرف اس کی زردی میں ہوتی ہے انڈے کی سفیدی خالص لحمیات کی بنی ہوتی ہے۔ ہر انڈے میں اس کی مقدار 6 گرام ہوتی ہے۔

انڈے قدرت کی طرف سے لحمیات کے حصول کا بڑا ذریعہ ہیں جو دماغ اور پٹھوں کی نشوونما کے لئے اہم ہیں۔ انڈے کے استعمال سے قوت مدافعت میں بھی اضافہ ہوتا ہے جبکہ بصارت کی کمزوری کے عمومی عوامل میں بھی انڈے کا استعمال مفید اثرات ظاہر کرتا ہے۔

بچوں کو انڈے کھلانے سے نہ صرف ہڈیاں مضبوط ہوتی ہیں بلکہ بصارت کی خامیاں بھی دور ہوتی ہیں۔ انڈے میں پائی جانے والی 60 فیصد چربی خشک تیزابی (unsaturated) حالت میں ہوتی ہے جو چربی کی تر تیزابی حالت (saturated) کے مقابلے میں مفید ہے۔ انڈے کا حلوہ غذائیت کی فراہمی کے ساتھ جسم کو فربہ اور صحت مند کرتا ہے۔ اس کی زردی گرتے بالوں کا موثر علاج ہے۔ اگر بچوں کو دست لگ جائیں اور غذا ہضم نہ ہو رہی ہو تو ایک پیالی پانی میں ایک انڈے کی سفیدی پھینٹ کر یکجان کریں پھر تھوڑی سی چینی ملا کر بچوں کو دیں فوری آرام آجائے گا۔

امریکن ہارٹ ایسوسی ایشن کے مطابق ایک عام انسان کو ہفتے میں 4 انڈے کھانے چاہئیں۔ جاپان میں ہونے والی ایک تحقیق اور جائزے کے مطابق جاپان میں ہر فرد سالانہ 328 انڈے (اوسطاً) کھاتا ہے لیکن اس کے باوجود ان کے خون میں کولیسٹرول کی سطح امریکہ کے شہریوں کے مقابلے میں کم پائی گئی ہے۔ جاپانیوں میں امریکہ کے مقابلے میں امراض قلب سے زیادہ محفوظ پائے گئے اس کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ جاپانی مچھلی اور سویابین زیادہ استعمال کرتے ہیں۔ اسی طرح انڈے کے ساتھ پیاز اور لہسن کے استعمال سے بھی کولیسٹرول کی سطح کم رکھی جا سکتی ہے۔

انڈے میں پائے جانے والے لیوٹن (lutein) اور کسینتھن کیراٹائنڈ آنکھوں کو کیٹرک کی بیماری سے محفوظ رکھتے ہیں۔ ایک انڈے میں تقریباً 212 ملی گرام مفید کولیسٹرول پایا جاتا ہے جسے کھانے سے خون میں مضر کولیسٹرول کا اضافہ نہیں ہوتا۔ انڈوں میں پایا جانے والا کولیسٹرول ایچ ڈی ایل قسم کا ہوتا ہے جو صحت کے لئے نقصاندہ نہیں ہے۔ اس کی وجہ سے دل کی بیماری اور دیگر کئی بیماریوں کا خدشہ کم ہو جاتا ہے۔ لحمیات انسانی جسم کے نشوونما کا بنیادی عنصر ہیں خصوصاً بڑھتے ہوئے بچوں کے لئے نہایت اہم ہے۔ انڈے کولین (choline) کے حصول کا بہترین ذریعہ ہیں جس سے سینے کے سرطان کے امکانات کم ہوتے ہیں۔ انڈے کی ایک زردی میں تقریباً 300 مائیکروگرام کولین پایا جاتا ہے جو دماغ عصبی نظام اور دوران خون کے نظام کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔

زیادہ اُبلا ہوا انڈہ دیر سے ہضم ہوتا ہے۔ اس لئے انڈے کو صرف اس حد تک اُبالنا چاہئے کہ اس کی سفیدی جم جائے مگر زردی نہ جمے۔ طبی ماہرین کے مطابق کچا انڈہ استعمال کرنے سے پیچیدگیاں رونما ہو سکتی ہیں خصوصاً کم عمر یا بڑھتے ہوئے بچوں کو انڈہ دیتے ہوئے اس بات کی تسلی کر لینی چاہئے کہ وہ اچھی طرح پکے ہوئے ہیں۔ انڈے کے استعمال کی ممانعت تجویز کرنے والے طبی ماہرین اس میں پائے جانے والے کولیسٹرول کو موضوع بحث بناتے ہیں جو بڑی یا کم عمر افراد میں عارضہ قلب کا باعث بنتا ہے تاہم تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ مرغی اور مرغے کو اکٹھا رکھنے سے حاصل ہونے والے انڈوں میں مضر صحت کولیسٹرول نہیں ہوتا۔ بے شمار فوائد کے ساتھ ساتھ انڈے بعض حالتوں میں نقصان دہ بھی ہیں مثلاً اگر آپ کو تیزابیت کی شکایت ہے تو انڈہ مت استعمال کریں۔ اسی طرح گردے کی پتھری قولنج بدہضمی اور برص جیسے امراض میں انڈے سے پرہیز بہتر ہے۔ ■

نگاہیں روشن، بینائی تیز

آنکھوں میں خالص شہد لگانے سے نظر اچھی ہوجاتی ہے' آنکھوں کی روشنی بڑھانی ہو تو گھی' کالی مرچ اور مصری ملا کر چاٹیں

اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو جو نعمتیں عطا کی ہیں ان میں سے ایک نعمت قوت بصارت بھی ہیں لیکن بعض افراد اس کی صحت مندی پر بالکل دھیان نہیں دیتے' جس کی وجہ سے ان کی آنکھیں جلد خراب ہوجاتی ہیں۔ آنکھیں بھی جسم کے دوسرے اعضاء کی طرح بھرپور توجہ چاہتی ہیں انہیں اگر درست رکھنا ہے تو اس کا واحد طریقہ ان کی مناسب دیکھ بھال ہی ہے۔ ذیل کی سطور میں بینائی کو روشن رکھنے کے حوالے سے چند کارآمد نکات درج ہیں۔ امید ہے کہ انہیں آزمانے سے آپ نہ صرف اپنی بینائی میں نمایاں فرق محسوس کریں گے بلکہ آنکھیں اُجلی اور روشن بھی رہیں گی۔

☆ کھیرے کے قتلے کاٹ کر 10 منٹ تک آنکھوں پر رکھیں انہیں ہٹا کر سادہ پانی سے آنکھیں دھولیں۔ آنکھوں کی چمک بڑھانے کے لئے یہ نسخہ بہترین ہے۔

☆ صبح کے وقت عرق گلاب کے چھینٹے آنکھوں پر مارنے سے ان کی خوبصورتی میں اضافہ ہوتا ہے۔

☆ آنکھوں میں خالص شہد لگانے سے نظر تیز ہوتی ہے۔

☆ پانی اُبال کر ٹھنڈا کرلیں اس میں نمک ڈال کر شیشے کی بوتل میں محفوظ کرلیں' روزانہ اس پانی سے آنکھیں دھوئیں۔ چند ہی روز میں آنکھیں روشن محسوس ہوں گی۔

☆ نیم گرم دودھ میں روئی بھگو کر چند منٹ آنکھوں پر رکھیں' پھر ٹھنڈے پانی کے چھینٹے ماریں۔ اس عمل سے آنکھوں میں قدرتی چمک اور خوبصورتی پیدا ہوتی ہے۔

☆ 15 بادام' 2 چائے کے چمچے سونف' 3 کالی مرچوں کو نہار منہ ایک گلاس دودھ کے ہمراہ چبا کر کھالیں۔

☆ پھول گوبھی کا رس پینے سے آنکھوں کی کمزوری دور ہوتی ہے۔ آنکھوں کے گرد اگر اندھیرا آجاتا ہو تو کچے آنولے کا رس پانی میں ملا کر 4 دن تک صبح و شام پینے سے فائدہ ہوتا ہے۔

☆ تازہ دودھ چھان کر بغیر گرم کئے ہوئے مصری یا شہد بھگی ہوئی 20 کشمشوں کا پانی ملا کر 40 دن تک پینے سے آنکھوں کی روشنی بڑھتی ہے۔

☆ بیر خون کو صاف کرنے اور آنکھوں کی روشنی میں اضافہ کرنے کے حوالے سے معروف ہے موسم میں بیر ضرور کھائیں۔

☆ آنکھیں اگر کمزور ہیں تو ٹماٹر کھائیں۔

☆ گاجر اور پالک کا رس ملا کر پینے سے آنکھوں کی روشنی بڑھ جاتی ہے۔

☆ آنکھوں کی روشنی بڑھانی ہو تو گھی' کالی مرچ اور مصری ملا کر چاٹیں۔

☆ پسی ہوئی کالی مرچ کو گھی میں ملا کر چاندنی رات میں رکھیں۔ اس آمیزے میں سے آدھا چائے کا چمچہ روزانہ کھائیں۔

☆ ہرے دھنیے کو کچے آنولے کے ساتھ پیس کر کھائیں۔ اس سے آنکھوں کی کمزوری دور ہوجاتی ہے۔

☆ پالک کا رس پئیں۔ اس سے آنکھوں کی روشنی میں اضافہ ہوتا ہے۔ ■

تیل کے چند قطروں کا کمال

قلوپطرہ کے تیل میں استعمال ہونے والے تیل گھی اور چربی کی طرح جمتے نہیں تھے' اسی وجہ سے اس کی جلد صاف اور چکنی رہتی تھی

حسین بننے کی خواہش انسان سے ہزاروں روپے خرچ کرانے کی استطاعت رکھتی ہے۔ ہم میں سے بہت اکثریت خود کو دوسروں سے نمایاں اور بہتر دکھانے کے لئے کسی' بھی حد تک جانے کے لئے تیار رہتی ہے۔ اِدھر حسن میں نکھار کے حوالے سے کسی نئی چیز کا اشتہار آنا شروع ہوا نہیں' اُدھر لوگوں نے اسے خریدا نہیں۔ یہ سوچے سمجھے بغیر کہ مذکورہ شے ان کے لئے موزوں ہے بھی یا نہیں؟ یہی وجہ ہے کہ بہت سارے لوگ نقصان اٹھا لیتے ہیں اس لئے بہتر یہ ہے کہ ہر چیز کی طرف نہ بھاگیں۔ اس حوالے سے ہم ہمیشہ گھریلو نسخے استعمال کرنے کا مشورہ دیتے ہیں کیوں کہ باورچی خانے کی الماری میں موجود تیل' نمک' دودھ' دہی' سرکہ' خمیر اور مختلف مصالحے' یہاں تک کہ دالیں بھی صحت اور حسن کی بحالی اور انہیں برقرار رکھنے میں معاون ثابت ہوسکتی ہیں۔ یہ اشیاء چونکہ خود خریدی جاتی ہیں اور انہیں خود ہی تیار کیا جاتا ہے اس لئے ان کے خالص اور مفید ہونے میں کسی شک وشبے کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی' اس کے علاوہ یہ کسی اضافی خرچ کے بغیر تیار ہو جاتی ہیں۔

مصر کی ملکہ قلوپطرہ کے پرکشش حسن کا راز اس کی صاف ستھری اور دمکتی جلد میں پوشیدہ بتایا جاتا ہے۔ قلوپطرہ اپنے حسن میں اضافے اور اسے برقرار رکھنے کے لئے روزانہ جس تیل کی مالش کراتی تھی وہ تل اور زیتون کے تیل میں مشک شامل کر کے تیار کیا جاتا تھا۔ آج کل مشک کا ملنا تقریباً ناممکن ہے' اس کی جگہ پسا ہوا زعفران' پسی ہوئی ہلدی اور خوشبو کے لئے صندل کا تیل شامل کیا جا سکتا ہے۔ قلوپطرہ کی خادمائیں تیل کو اچھی طرح جذب کرنے کے بعد جھانویں کی طرح کے ایک کھردرے آلے سے اس کی جلد پر لگے فاضل تیل کو رگڑ کر دور کیا کرتی تھیں۔ اس عمل سے کھال کے مردہ خلیات نکل جاتے اور نئی کھال نکھر آتی تھی۔ روغن قلوپطرہ کی تیاری میں استعمال ہونے والے دونوں تیلوں کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ گھی اور چربی کی طرح جمتے نہیں ہیں' اسی وجہ سے اس کی جلد صاف اور چکنی رہتی ہے۔

قدیم حکماء کی طرح آج کے جرمن اور سوئس طبی ماہرین بھی ان تیلوں کے استعمال کی سفارش کرتے ہیں' تاہم ان کے مطابق ان تیلوں کی محض مالش کافی نہیں ہے۔ جلد کو اندر سے نکھارنے کے لئے سبزیوں کے سلاد پر تل یا زیتون کے تیل کا ایک بڑا چمچہ 2 چائے کے چمچے ڈال کر استعمال کریں۔ یورپ میں تو ان کے کیپسول بھی دستیاب ہیں' جنہیں خواتین کھانے کے علاوہ توڑ کر اپنی جلد میں جذب کرتی ہیں۔ ان ممالک میں پلاسٹک کے ایسے آلے بھی دستیاب ہیں جو تیل لگی ہوئی جلد پر جھانویں کی طرح پھیرنے سے جلد کے مردہ خلیات تیل کے ساتھ خارج ہو جاتے ہیں۔ یہ عمل خاص طور پر خشک موسم اور خشک جلد کے لئے مفید ثابت ہوتا ہے۔ اس میں زیتون کے تیل کے بجائے سورج مکھی کا تیل بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

اسی تیل میں حیاتین ای کے کیپسول اور بادام کے تیل کو شامل کر کے مالش کرنے سے بھی جلد کی خشکی' کھردرے پن اور جھریوں سے نجات مل جاتی ہے۔ جی چاہے تو اس میں اپنی پسندیدہ خوشبو بھی شامل کر لیجئے۔ تیلوں کا تناسب کچھ اس طرح سے ہونا چاہئے' زیتون کا تیل 6 چائے کے چمچے' سورج مکھی کا تیل 3 چائے کے چمچے اور حیاتین ای کے تیل کے 10 کیپسول (200 ملی گرام) ملا کر بوتل میں محفوظ کر لیں۔ اس کے 7 سے 8 قطرے چہرے اور گردن پر اچھی طرح سے جذب کر کے ½ گھنٹے بعد گندم کے آٹے سے مالش کریں اور تھوڑی دیر بعد دھو لیں۔ چند ہی دنوں کے بعد جادوئی تبدیلی نظر آئے گی۔ اگر بالوں میں خشکی ہو تو اسی تیل کی چند بوندیں جڑوں میں جذب کر لیں' چند ہی دنوں میں خشکی دور ہو جائے گی۔ مہنگی کریموں کے بجائے اس سستے نسخے کو ایک بار آزمائیں ضرور۔ ■

بادام کھائیں بھی اور لگائیں بھی

بادام صحت کے ساتھ ساتھ حسن کا بھی محافظ ہے' اس کے تیل کی مالش سے جلد پر نکھار اور چمک پیدا ہوتی ہے

بادام زمانہ قدیم سے ہی ایک انتہائی مقبول خشک میوہ رہا ہے۔ قدیم مصر اور یونان میں بادام کا استعمال صرف بادشاہوں اور امراء تک محدود تھا۔ کیوں کہ یہ ایک متبرک میوہ سمجھا جاتا تھا اس لئے عوام کی اس تک رسائی نہ تھی۔ یونان کے مشہور حکیم تافرسطس کی تالیفات میں بادام کا ذکر اکثر مقامات پر ملتا ہے۔ مصری آثار قدیمہ کی کھدائی کے وقت ماہرین کو ایک ایسی صندوقچی ملی جس میں بادام محفوظ تھے' جنہیں عراق کے عجائب گھر میں نمائش کے لئے رکھ دیا گیا۔ بادام کا تذکرہ انجیل میں بھی آیا ہے۔ عباسی خلیفہ معتصم باللہ نے اسپین کے عیسائی حکمران فرڈینینڈ کو تحفے کے طور پر بادام کی گریوں سے بنی شطرنج بھیجی تھی۔ بادام کو قدیم مسلمان مٹھائیوں اور حلووں کے علاوہ گوشت کی بعض اقسام میں استعمال کیا کرتے تھے۔ بادام کو اردو ادب میں بطور تشبیہات استعمال کیا گیا۔ برصغیر پاک و ہند میں بادام کی پسندیدگی کا یہ عالم ہے کہ بادامی آنکھیں شعراء کا محبوب و پسندیدہ موضوع رہیں۔

بادام کو متعدد امراض میں بطور علاج استعمال کیا جاتا ہے۔ عام خیال ہے کہ یہ چکنائی سے بھرپور ہوتے ہیں' اسی وجہ سے یہ عارضہ قلب میں مبتلا افراد کے لئے نقصان دہ ہیں' تاہم جدید تحقیق کے مطابق بادام خون میں کولیسٹرول کی سطح کم کرتا ہے۔ اس اعتبار سے یہ دل کی تکالیف میں فائدہ مند ثابت ہوسکتا ہے۔ اتنا ہی نہیں بلکہ روزانہ 85 گرام بادام استعمال کرنے والوں کے جسم میں کولیسٹرول کی سطح 14 فیصد تک کم ہوجاتی ہے۔ بادام میں چکنائی کے علاوہ لحمیات کی بڑی مقدار شامل ہوتی ہے۔ دیگر معدنیات میں ریشے' کیلشیم' میگنیشم' پوٹاشیم' حیاتین ہ (E) اور دیگر غیر تکسیدی اجزاء شامل ہیں۔

بادام صحت کے ساتھ ساتھ حسن کا بھی محافظ ہے۔ چہرے اور جلد پر اس کے تیل کی مالش سے نکھار اور چمک پیدا ہوتی ہے' اسی لئے دنیا بھر میں حسن کی افزائش کے لئے بادام کے تیل کا استعمال کیا جاتا ہے۔ بادام کا تیل چہرے کے کیل مہاسے داغ دھبے' جھائیاں اور کھردرا پن دور کرتا ہے۔ چہرے کی خشک جلد اور کھلے ہوئے مساموں کی صورت میں روزانہ سونے سے پہلے بادام کے تیل سے مالش فائدہ مند ہوتی ہے۔

لپ اسٹک لگانے سے ہونٹ خشک ہوجاتے ہیں۔ ایسے میں اگر لپ اسٹک لگانے سے پہلے تھوڑا بادام کا تیل ہونٹوں پر لگا لیا جائے تو ہونٹوں پر خشکی کا احساس نہیں ہوتا۔

چہرے کو چمک دار بنانا ہو تو گلاب کے عرق میں بادام کا تیل ملا کر رات کو مالش کی جائے تو چہرہ پر رونق آجاتی ہے۔ ہونٹوں کی سیاہ رنگت ختم کرنے کے لئے روزانہ رات کو سونے سے قبل ہونٹوں پر بادام کا تیل لگائیں۔ خشکی کی وجہ سے چہرہ کی رنگت خراب ہوگئی ہو تو چہرے پر بادام کے تیل کی مالش کریں۔

آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے ختم کرنے کے لئے انگلی پر روغن بادام لگائیں اور ہلکے ہاتھ سے باہر کی طرف مالش کریں۔

رنگت نکھارنے اور چہرہ شاداب بنانے کے لئے ایک باریک پسا ہوا سیب' 8 قطرے کیلے کے ہرے پتوں کا رس' 8 قطرے لیموں کا رس اور 4 قطرے عرق گلاب ملا کر رات کو سوتے وقت چہرے پر ملیں اور صبح تازہ پانی سے دھولیں۔

رنگ گورا کرنے کے لئے 4 باداموں کو رات میں پانی میں بھگودیں' صبح انہیں چھیل کر پیس لیں۔ اس میں بیسن اور دودھ ایک' ایک چائے کا چمچہ اور 4 قطرے لیموں ملا کر چہرے پر لگائیں اور 20 منٹ کے بعد چہرہ دھولیں۔

چہرے پر چمک لانے کے لئے ایک کھانے کا چمچہ سوکھا ہوا دودھ' ایک کھانے کا چمچہ لیموں کا رس اور 2 کھانے کے چمچے بادام کا تیل ملا کر چہرے پر لگائیں اور 15 سے 20 منٹ کے بعد چہرہ دھولیں۔ اس سے نہ صرف چہرے پر چمک آجائے گی بلکہ چہرہ نکھر جائے گا۔

اگر چہرے پر بھورے رنگ کے تل ہوں تو بادام کے تیل میں لیموں کا رس ملا کر چہرے پر لگائیں۔ ■

گرم موسم میں ٹھنڈا تربوز کھائیں

تربوز گرمی کے دنوں میں جسم میں پانی کی کمی کے لئے بہترین ہے کیونکہ اس میں پانی کا مواد موجود ہے

سرخ سرخ اور تر و تازہ تربوز کا شمار ایسے پھلوں میں ہوتا ہے جو گرمی کی حدت کے اثرات سے محفوظ رکھنے کے ساتھ دیگر کئی فوائد کا بھی حامل ہے۔ تربوز کو اگر رب تعالیٰ کی جانب سے انسانوں کے لئے گرمی کا تحفہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔

یہ شکل کے اعتبار سے گول اور لمبوتر ے جبکہ رنگت کے اعتبار سے سبز ہوتے ہیں۔ تربوز تقریباً ہر علاقے میں پایا جاتا ہے۔ پاکستان، بھارت، شمالی بنگال اور افغانستان میں اس کی بطور خاص کاشت کی جاتی ہے، اس کے علاوہ یہ شام اور فلسطین میں بھی پایا جاتا ہے۔ تربوز کے گودے کی رنگت سرخ، ذائقہ شیریں اور مزاج سرد ہوتا ہے۔ تربوز کے بیج میں "کوکر بوٹرین" نامی خاص جز ہوتا ہے۔ جدید تحقیق کہتی ہے کہ خون کے دباؤ کی زیادتی کو دور کرنے کے لئے یہ جز نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ تربوز میں ایک خاص قسم کا جز "گلٹاتھی اون" بھی ہوتا ہے، جو سرطان کو بے بس کر دیتا ہے۔ تربوز کے استعمال سے آنتوں کی سختی میں کمی آتی ہے اور شریانوں کی لچک بھی قائم رہتی ہے۔

تربوز گرمی کے دنوں میں جسم میں پانی کی کمی کے لئے بہترین ہے کیونکہ اس میں پانی کا مواد موجود ہے۔ اس میں 29 فیصد پانی تازگی بھرا احساس دلاتا ہے اور موٹاپے سے روکتا ہے۔ تربوز جسم میں جمع شدہ چربی کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اس میں شامل لائیکوپین دل کے سخت پٹھوں کو فعال بنانے اور خون کا بہاؤ بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ لائیکوپین ہمارے جسم میں آسٹیوپوروسس (ایک ایسی بیماری جو ہڈیوں کو کمزور کرتی ہے) کی نشوونما روکنے میں مدد دیتا ہے۔ اس میں پوٹاشیم کی بھرپور غذائیت پائی جاتی ہے جو ہڈیوں اور جوڑوں کو مضبوط رکھتے ہیں۔ تربوز کا استعمال پوٹاشیم اور کیلشیم کے حصول میں آسانی پیدا کرتا ہے جو جسم کی ہڈی اور جوڑوں کو مضبوط بنانے کے لئے نہایت اہم ہیں۔ اس میں شامل پانی کا اعلیٰ مواد جگر اور گردوں پر دباؤ کم کرتا ہے۔ کیفین پر مشتمل کھانے کی اشیاء کے برعکس تربوز جسم پر جبری اخراج کا سبب نہیں بنتا۔

تربوز کا سرخ رنگ "بیٹا کروٹین" سے بھرپور ہوتا ہے جو جسم میں حیاتین الف تبدیل کرتا ہے۔ یہ عمر کی وجہ سے آنکھوں کی بیماریوں کو قدرتی طور پر روکنے میں مدد کرتا ہے۔

تربوز میں موجود حیاتین جسم کے مدافعاتی عمل کو بہتر بناتے ہیں، غیر تکسیدی اجزاء کے لئے فعال کردار ادا کرتا ہے اور اسے توانائی بخشتا ہے۔ یہ نہ صرف ہمارے جسم کے دفاعی نظام کو مضبوط بنانے کے لئے کام کرتا ہے بلکہ خلیوں کی مرمت کر کے زخموں کو تیزی کے ساتھ بھرتا ہے۔

گرمیوں کے موسم میں تربوز کا استعمال صحت کے ساتھ ساتھ روح کو تازہ رکھنے کے لئے مفید تو ہے ہی لیکن ساتھ ہی ساتھ اس کے بیج کے بھی بے شمار فوائد ہیں۔ ماہرین کی جانب سے کی گئی ایک تازہ تحقیق کے مطابق تربوز کے بیج دل کے امراض کے ساتھ ساتھ ذیابیطس اور جلد کے لئے مفید ہوتے ہیں۔ تحقیق کے مطابق تربوز کے بیج میں شامل فولاد، پوٹاشیم اور حیاتین بالوں کو مضبوط بناتے ہیں اور چہرے کے داغ دھبے دور کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ تربوز کے کثرت استعمال سے جوڑوں کے درد اور بلغم کے امکانات ہوتے ہیں، اس لئے تربوز کو اعتدال سے کھانا چاہئے۔ تربوز کھانے کے فوری بعد سکنجبین، دہی اور کوئی شربت یا چائے وغیرہ کسی بھی قسم کی چیز استعمال نہیں کرنی چاہئے۔ خالی پیٹ میں اس کا استعمال بے حد مفید ہے۔ تربوز کو شکر کے ساتھ ملا کر کھایا جائے تو موثر ہوتا ہے جب کہ چاول کے ساتھ اس کا استعمال مضر ہے، یعنی چاول کھانے سے پہلے یا اس کے فوراً بعد تربوز نہیں کھانا چاہئے۔ ■

پھل کھائیں، فشارِ خون بھگائیں

جدید طبی تحقیق کے مطابق کولیسٹرول کی شرح کو قابو میں رکھنے کے لئے تازہ پھلوں کا استعمال ضروری ہے

فشارِ خون ایک ایسی بیماری ہے جو مختلف جان لیوا امراض کا سبب بن جاتی ہے۔ اس مرض کا سب سے بڑا سبب بڑھا ہوا کولیسٹرول ہے جو ایک چربیلا، نرم اور ملائم مادہ ہے۔ کولیسٹرول کی متعین مقدار انسانی صحت کے لئے فائدہ مند ہوتی ہے مگر اس میں اضافہ خون کی شریانوں کی دیواروں پر جم کر انہیں تنگ کر دیتا ہے۔ کولیسٹرول کی شرح میں اضافے کا بڑا سبب غیر صحت بخش غذاؤں کا بہت زیادہ استعمال ہے۔ جدید طبی تحقیق کے مطابق کولیسٹرول کی شرح کو قابو میں رکھنے کے لئے تازہ پھلوں کا استعمال ضروری ہے۔ بطور خاص درج ذیل پھلوں میں شامل حیاتین، معدنیات اور غیر تکسیدی اجزا، جسمانی دفاعی نظام کی فعالیت کے ساتھ کولیسٹرول کو صحت مند شرح پر بھی رکھتے ہیں۔

اسٹرابیری

حالیہ طبی تحقیق کہہ رہی ہے کہ اسٹرابیری کا روزانہ استعمال جسم کے لئے نقصان دہ کولیسٹرول کی دورانِ خون میں شرح کو 4 سے 10 فیصد تک کم کرتا ہے۔ یہ ایسے غیر تکسیدی اجزاء کے حصول کا بہترین ذریعہ ہیں جو سرطان اور امراضِ قلب سمیت متعدد بیماریوں سے تحفظ دینے کے لئے اہم ہیں۔ اس کے استعمال سے وزن میں کمی ہوتی ہے۔

سُرخ انگور

کولیسٹرول کی شرح میں کمی چاہیے تو سرخ انگور ضرور استعمال کریں، اُن میں ریشے کی شرح بہت زیادہ ہوتی ہے۔ اس کے بیج اور چھلکے نظامِ ہضم کو بہتر بناتے ہیں۔ طبی تحقیقی رپورٹ کے مطابق سرخ انگوروں کا 6 ہفتوں تک روزانہ استعمال مضرِ صحت کولیسٹرول کی شرح میں 14 فیصد تک کمی لاتا ہے۔

مالٹے

مالٹے نہ صرف کولیسٹرول کی شرح کو بڑھنے سے روک سکتے ہیں بلکہ انہیں نظامِ ہضم کا حصہ بنا کر دورانِ خون میں منتقل کر دیتے ہیں۔ مالٹے اور اُن کے جوس میں موجود حیاتین سی کئی دیگر امراض سے تحفظ دینے میں بھی مددگار ثابت ہوتا ہے۔

لیموں

لیموں میں موجود حیاتین سی کی بڑی مقدار جسم میں مضرِ صحت کولیسٹرول کی مقدار کو قابو میں رکھتی ہے۔ اس میں شامل ریشے نظامِ ہضم کو بہتر بنا کر کولیسٹرول کی شرح بڑھنے کا امکان کم کرتے ہیں۔

گریپ فروٹ

گریپ فروٹ مضرِ صحت کولیسٹرول کی شرح کم رکھتا ہے اور چربی کو گھلاتا ہے۔

بلیو بیری

بلیو بیری دماغی طاقت کو بڑھاتی ہے، سرطان سے تحفظ دیتی ہے، جسمانی سوجن کو دور کرنے کے علاوہ کولیسٹرول کی شرح کو بھی معمول پر رکھتی ہے۔ یہ دورانِ خون میں چربی کے خلیات کو منتشر کر کے کولیسٹرول کی شرح کو نقصان دہ حد تک بڑھنے نہیں دیتی۔

خوبانی

خوبانی ایسے اجزاء سے بھرپور پھل ہے جو دورانِ خون میں مضرِ صحت کے بجائے فائدہ مند کولیسٹرول کو بڑھاتے ہیں۔ اس میں موجود غیر تکسیدی اجزاء کی بڑی مقدار دیگر متعدد امراض سے بھی تحفظ دیتی ہے۔

سیب

روزانہ ایک سیب کھانے سے مضرِ صحت کولیسٹرول کی شرح کم ہوتی ہے۔ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ سیب میں شامل غیر تکسیدی اجزاء کولیسٹرول کو شریانوں میں اکٹھا نہیں ہونے دیتے۔ ■

مصالحہ ٹپس

☆ ہونٹوں کو پتلا بنانے کے لیے ایک چٹکی پسی ہوئی پھٹکری میں 2 قطرے گلاب کا عرق اور 2 قطرے لیموں کا رس ملا کر دن میں 2 سے 3 بار ہونٹوں پر لگائیں۔ اس عمل سے موٹے ہونٹ پتلے ہوجاتے ہیں۔

☆ چہرے کے کیل مہاسوں سے نجات کے لیے لسی میں تھوڑی سی دہی کی بالائی ملائیں۔ اس آمیزے کو روزانہ صبح اسے چہرے پر لگا کر 15 منٹ کے لیے چھوڑ دیں۔ چند ہی دنوں میں چہرہ صاف اور دلکش ہوجائے گا۔

☆ اگر چہرے پر جھریاں نمودار ہورہی ہیں تو دیر نہ کیجئے۔ انڈے کی سفیدی پھینٹ کر اسے پورے چہرے پر پھیلا لیں۔ سوکھ جائے تو نیم گرم پانی سے چہرہ دھولیں۔ ہفتے میں ایک بار اس عمل کو دہرانے سے چہرے کی جھریاں دور ہوجاتی ہیں۔

☆ بعض لوگوں کی رنگت تو صاف ہوتی ہے لیکن ان کی گردن سیاہ ہوتی ہے۔ گردن اگر پیدائشی طور پر کالی ہو تو اس کا کوئی علاج نہیں لیکن اگر کالے پن کی وجہ دھوپ ہو تو کم از کم ایک ماہ تک روزانہ دہی کی ملائی کو گردن پر لگائیں۔ نمایاں فرق محسوس کریں گے۔

☆ چھائیاں دور کرنے کے لئے سونف کو رات بھر کے لئے گرم پانی میں بھگو کر رکھیں۔ صبح نہار منہ سونف کے پانی میں شہد ملا کر مسلسل استعمال کریں۔ کیلے کے چھلکوں کو چھائیوں پر مسلیں۔ چند ہی روز کے بعد چھائیاں کم ہوتی نظر آئیں گی۔

☆ اپنے ٹوتھ برش کو پہلے لیموں کے رس پھر سوڈا بائی کاربونیٹ میں ڈبو کر اس سے دانتوں کو برش کریں۔ دانت موتیوں کی طرح جگمگا اٹھیں گے۔

☆ آدھے کپ تازہ دودھ میں ایک چمچ شہد کو ملائیں اور اس بیوٹی ماسک کو اپنے چہرے پر لگائیں۔ یہ فوری جگمگاہٹ کے حصول کا ایک بہترین طریقہ ہے۔ اس کے نتائج آپ کو حیرت میں مبتلا کردیں گے۔

☆ انڈے کی سفیدی و شہد کا فیس ماسک جادوئی اثر کرتا ہے بس آپ کو ایک انڈے کی سفیدی اور ایک چائے کا چمچہ شہد کسی پیالی میں ملالیں اور پھر اسے آہستگی سے اپنے چہرے سے گردن تک پالش کی طرح لگانا ہے، جس کو دھونے کے بعد آپ جگمگاتی روشن جلد کو دیکھیں گے۔

☆ کھیرے اور آلو کو کدوکش کر کے اس کے پانی کو روئی کی مدد سے آنکھوں کے گرد لگائیں۔ ہفتے میں 4 مرتبہ یہ عمل دہرانے سے آنکھوں کے گرد حلقے ختم ہوجائیں گے۔

☆ ایک چائے کا چمچہ لیموں کا رس، 2 چائے کے چمچے زیتون کا تیل اور ایک چائے کا چمچہ بادام کا تیل ملا کر رات کو سوتے وقت چہرے اور ہاتھوں پر ملیں، چند دنوں میں رنگت نکھر جائے گی۔

ٹوٹکے

چکنی جلد کو دھونے کے لئے

اگر آپ کی جلد چکنی ہے تو اسے دھونے کے لئے چہرے کو جب بھی دھوئیں صابن کی جگہ بیسن استعمال کریں اور پھر عرق گلاب لگالیں۔ اگر آپ کی جلد پر میک اپ پھیل جاتا ہے تو پھر آپ کو چاہئے کہ میک اپ کرنے سے پہلے برف کی ڈلی کو چہرے پر خوب رگڑیں' اس کے بعد میک اپ کریں۔

منہ کے چھالے ختم کرنے کے لئے

اگر منہ میں چھالے ہوجائیں تو ایک کیلے کو ایک پیالی دہی میں ملا کر منہ کے چھالے ٹھیک ہوجائیں گے۔ اس کے علاوہ متاثرہ حصے پر گلیسرین بھی لگائیں۔

صاف ستھرے اور خوبصورت پیروں کے لئے

ایک سفید شلجم کو چھیل کر پانی میں اُبال لیں۔ جب گل جائے تو شلجم کو اسی پانی میں کچل لیں۔ اس میں شیمپو ملا کر ٹب میں ڈالیں اور تھوڑا سا مسٹرڈ پاؤڈر بھی شامل کردیں۔ اس پانی میں پیر ڈال کر تھوڑی دیر کے لئے رکھیں۔ برش کی مدد سے پیروں کے ناخن صاف کریں' جھانویں سے پیر رگڑیں اور تولئے سے پیر سکھالیں۔ تھوڑی سی ویسلین میں تھوڑی سی گلابی لپ اسٹک ملا کر ایڑیوں اور انگلیوں کے درمیان لگائیں اور موزے پہن لیں' صبح اُٹھ کر پیر دھولیں۔ 3 سے 4 مرتبہ کے عمل سے ہی آپ کے پیر خوبصورت ہوجائیں گے۔

وزن کم کرنے کے لئے

وزن کم کرنے کے خواہشمند اپنے ناشتے اور کھانے میں بند گوبھی شامل کریں۔ بند گوبھی موٹاپا کم کرنے کا سبب بنتی ہے۔

دانتوں کے درد سے محفوظ رہنے کے لئے

کتھے کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا توڑ کر جس دانت میں درد ہو وہاں رکھیں۔ یا پھر امرود کے پتے اُبالیں اور اس پانی سے کلی کریں' دانت کا درد بھاگ جائے گا۔

بستر پر پیشاب کرنے والے بچوں کے لئے

بہت سے بچے بڑھتی عمر کے باوجود بستر پر پیشاب کردیتے ہیں۔ ایک کھانے کا چمچہ سفید تل لے کر اسے بھونیں اور اسے ایک چائے کا چمچہ پسے ہوئے گڑ میں ڈال کر لڈو بنائیں اور اسے گرم لڈو بچے کو کھلادیں اور بچے کو کروٹ سے سلائیں۔